رئیس الجامعہ کے تبلیغی پروگرام

عیدالأضحیٰ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ''قربانی کی اہمیت وفضیلت'' کے موضوع پر مختلف مساجد اہل حدیث میں دروس دیئے۔ مساجد کے نام درج ذیل ہیں۔ جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں، جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن، جامع مسجد رحمت الٰہی اہل حدیث بلال ٹاؤن، جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ ائمہ، جامع مسجد اہل حدیث حاجی ائمہ، جامع مسجد اہل حدیث المعراج فلورملز کالا گوجراں، جامع مسجد اہل حدیث خوردوغیرہ

وفیات

عبدالجبار وشوکت محمود (کوٹلہ ائمہ) کوصدمہ

مورخہ 9 دسمبر بروز اتوار عبدالجبار کا بیٹا اور شوکت محمود نائب صدر اہل حدیث یوتھ فورس کوٹلہ ائمہ کا بھانجا عبد الغفار وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

ناصر محمود، سکندر حسین اور محمد علی (ڈھوک صوبیدار) کوصدمہ

مورخہ 6 دسمبر بروز جمعرات ناصر محمود وسکندر حسین کے بھائی اور محمد علی کے بھانجے محمد صفدر 30 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار کے مستقل نمازی ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے ہی فعال کارکن تھے۔ نمازِ جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد اقبال اختر قریشی اور عرفان افضل قریشی کوصدمہ

مورخہ 3 جنوری بروز جمعرات محمد اقبال اختر قریشی (پرنسپل اُثریہ مڈل سکول جہلم) کی پھوپھی اور عرفان افضل قریشی کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، پارسا، پرہیز گار اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ چونترا میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی، جس میں بھاری تعداد میں اہل علاقہ نے شرکت کی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)